© rasailojaraid.com



صفحات : ۱۱۲ قیمت : دو روپے ۔

اس کتاب کو اس حیثیت سے "سفر نامۂ حجاز" کی حیثیت حاصل ہے کہ اس میں مختلف حضرات کے دس سفر ناموں کا ایک خلاصہ پیش کیا گیا ہے ۔ اس میں چالیس پینتالیس سال قبل کے پرانے سفر ناموں کے بعض حصے بھی شامل ہیں اور چند سال بیشتر کے نئے سفر ناموں کے بھی مثلاً مولانا عبدالماجد دریا بادی اور علامہ محمد اسد (جرمن) کے سفر نامے خاصے پرانے ہیں۔ علامہ اسد نے ۱۹۲۷ء میں اپنے سفرِ حجاز کے مشاہدات و تاثرات قلم بند کئے تھے، جو ۱۹۵۴ء میں "روڈ ٹو مکہ" کے نام سے شائع ہوئے کتاب چونکہ دلچسپ اور معلوماتی تھی اس لیے الطریق الی مکۃ کے نام سے اس کو عربی کے قالب میں ڈھالا گیا —— اب کچھ عرصہ بیشتر لکھنؤ سے مولانا ابوالحسن علی ندوی کی نگرانی میں "طوفان سے ساحل تک" کے عنوان سے یہ اردو زبان میں بھی منتقل ہو چکی ہے ۔ زیرِ تبصرہ کتاب "آو مدینہ چلیں" میں اس کے بعض اقتباسات درج کیے گئے ہیں ۔

نئے سفر ناموں میں مولانا عبدالرؤف رحمانی (ہندوستان) مولانا ابوالاعلیٰ مودودی، جناب نعیم صدیقی، عبدالکریم ثمر اور مفتاح الدین ظفر وغیرہ حضرات کے سفر ناموں کے کچھ اقتباسات دیے گئے ہیں —— ان سفر ناموں کے جن حصوں کا انتخاب کیا گیا ہے وہ بڑا اچھا ہے ۔ عازمینِ حج کو بالخصوص اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے ۔

## اللہ کے احکام

مرتبہ : حافظ نذر احمد —— ناشر: مسلم اکادمی $\frac{29}{18}$ محمد نگر علامہ اقبال روڈ ۔ لاہور

صفحات ۔ ۹۶ —— سائز ۲۰×۳۰ = ۱۶

یہ کتابچہ اللہ تعالیٰ کے اسّی اوامر و نواہی پر مشتمل ہے یعنی اس میں چالیس باتیں وہ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں عمل کرنے کا حکم دیا ہے اور چالیس وہ ہیں جن سے منع فرمایا ہے ۔ ہر امر و نہی کا عنوان قائم کر کے نیچے قرآن مجید کی آیت لکھی گئی ہے پھر ترجمہ اور بعد ازاں اس کی تفسیر آسان اور عام فہم زبان میں کی گئی ہے ۔ یہ کتاب حاجی محمد سعید سیٹھی صدر تعلیم القرآن ٹرسٹ گوجرانوالہ چھاؤنی کی طرف سے حسبۃً للہ شائع کی گئی ہے ۔ ذی ثروت و اہلِ دولت کو اس قسم کے امورِ خیر میں حصہ لینا چاہیے ۔

© rasailojaraid.com